# 8029 ـ جس گھرمیں کتا ہو وہاں قرآن کی تلاوت کرنا

**سوال**

کتے والے گھر میں قرآن مجید پڑھنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس میں کوئ حرج نہیں لیکن کتے کوگھر سے نکالنا واجب اور ضروری ہے ، لیکن تین حالتوں میں کتا رکھا جا سکتا ہے جو کہ یہ ہیں: شکار ، جانوروں ، اور کھیتوں پر رکھوالی کے لئے ، اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :

( جس نے شکار ، جانوروں اور کھیت کی رکھوالی کے علاوہ کتا رکھا ہر دن اس کے اجر میں سے دوقیراط کمی ہوتی ہے ) صحیح بخاری ، مسلم ۔

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے .